
## سبق 1

# دُعاء



| |
|---|
| خدا ، دعا ، تجھی ، اچھا ، سچا ، نیک ، سایہ ، سدا ، زندگی ، بندگی ، غم ، خوشی |

خدا تو بڑا ہے    تجھی سے دُعا ہے
بنا ہم کو اچھا    بنا ہم کو سچا
ہمیں ایک کر دے    ہمیں نیک کر دے
تری رحمتوں کا    رہے ہم یہ سایہ
سدا مسکرائیں    نہ تجھ کو بھلائیں
سدا زندگی میں    غموں میں خوشی میں



تری بندگی ہو
یہی زندگی ہو



---

تدریسی اشارے:۔ تدریسی اشارے صرف مشورے ہیں۔ بچوں کے دل میں خدا کی عظمت اور دعا کی اہمیت بٹھانا۔ ترنم سے نظم پڑھنے کی صلاحیت بڑھانا۔ سب کے ساتھ آواز ملا کر پڑھنے کی عادت پیدا کرنا۔

# مشق اور سوالات

1۔ (الف) یاد کیجئے:۔

| | |
|---|---|
| دُعا | خدا سے مانگنا |
| رحمت | خدا کی مہربانی |
| سدا | ہمیشہ |
| نیک | اچھا |
| سایہ | چھاؤں |
| بندگی | عبادت |

(ب) سوچئے اور بتایئے:۔

(1) بچہ کس سے دعا کر رہا ہے؟

(2) ہمیں نیک کون بنائے گا؟

(3) تم کیا بننا چاہتے ہو؟

(4) بچہ کیا کیا دعا کر رہا ہے؟

2۔ حروف کو ملا کر لفظ بنایئے:۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| د+ع+ا | | خ+و+ش+ی | |
| ب+چ+چ+ہ | | ز+ن+د+گ+ی | |
| س+چ+چ+ا | | ب+ن+د+گ+ی | |
| ن+ے+ک | | ر+ح+م+ت | |

3۔ اس نظم کو زبانی یاد کیجئے:۔

4۔ استاد بلند آواز سے نظم کو پڑھوائے اور چند شعروں کا املا لکھوائے۔

5۔ ایک چارٹ پر بڑے بڑے حروف میں اس نظم کو لکھ کر کلاس میں لگائیں۔

6۔ نیچے لکھے الفاظ کی مدد سے خالی جگہوں کو بھریئے۔

بڑا۔ دعا، سچّا، سایہ، زندگی، بندگی، نیک، سدا

(1) خدا تو.................... ہے

(2) تجھی سے.................... ہے

(3) ہمیں.................... کردے

(4) بنا ہم کو....................

(5) سدا....................

(6) رہے ہم پہ....................

(7) تری.................... ہو

(8) یہی.................... ہو